علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: انٹرمیڈیٹ	سمسٹر: خزاں 2009ء
پرچہ: دیہی ترقی (305)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

نوٹ:۔ پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر	سوالات	نمبرز
سوال نمبر۔1	(الف) درج ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں۔ ۱۔ خود مختار ادارے ۲۔ امداد باہمی ۳۔ ابلاغ عامہ اور دیہی ترقی ۴۔ رابطہ کاروں کی تقسیم ۵۔ تعلیم بالغاں کی اہمیت	(10)
	(ب) خالی جگہ پُر کریں۔ ۱۔ دیہی ترقی کے مقاصد میں اقتصادی ترقی کے ساتھ ساتھ ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے الفاظ کا اضافہ کیا گیا۔ ۲۔ ملحقہ گاؤں کی تقریباً 15 ٹیموں پر مشتمل ایک ۔۔۔۔۔۔۔۔ تشکیل دیا جاتا ہے۔ ۳۔ زرعی ترقیاتی بنک کا قیام ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں عمل میں آیا ۴۔ جب ذہنوں میں موجود تصورات باہر کے تصورات سے ہم آہنگ نہ ہوں تو ۔۔۔۔۔۔۔۔ کی صورت پیدا ہوتی ہے۔ ۵۔ عارضی منصوبوں کی مثال ادارے کے ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔	(5)
	(ج) صحیح اور غلط کی نشاندہی کریں۔ ۱۔ عارضی منصوبے دیہی ترقی میں اپنا کردار نہیں ادا کر سکتے۔ ص/غ ۲۔ ابلاغ فرانسیسی زبان کا لفظ ہے۔ ص/غ ۳۔ کانفرنس کے جزوی مقاصد بھی ہوتے ہیں۔ ص/غ ۴۔ بنیادی جمہوریتوں کا نظام سیاسی رنگ اختیار کر گیا۔ ص/غ ۵۔ ایک حکمت عملی یہ ہے کہ حکومت لوگوں کو نجی طور پر زمین خریدنے کی اجازت دے۔ ص/غ	(5)
سوال نمبر۔2	پاکستان میں زرعی شعبے میں نجی سرمایہ کاری کی کیا صورت حال اور اہمیت ہے؟ بیان کیجئے۔	(20)
سوال نمبر۔3	(الف) 'دیہی ادارے' کی تعریف کریں۔ (ب) 'دیہی ادارے' دیہی ترقیاتی منصوبوں میں کیا کردار ادا کرتے ہیں؟	(5) (15)
سوال نمبر۔4	(الف) معاشرتی حقائق کی تعریف کریں۔ (ب) دیہی زندگی سے معاشرتی حقائق کی تین مثالیں دیجئے۔	(5) (15)
سوال نمبر۔5	(الف) تحقیق کی تعریف کیجئے۔ (ب) دیہی ترقی کے لیے تحقیق کی اہمیت وضرورت بتایئے۔	(5) (15)
سوال نمبر۔6	(الف) ذرائع ابلاغ سے کیا مراد ہے؟ (ب) پاکستان میں دیہی ترقی کے لیے ذرائع ابلاغ کا کیا کردار رہا ہے؟	(5) (15)
سوال نمبر۔7	(الف) منصوبہ بندی کی تعریف کیجئے۔ (ب) دیہی ترقی اور منصوبہ بندی کا باہمی تعلق بیان کیجئے۔	(5) (15)
سوال نمبر۔8	مندرجہ ذیل میں سے دو پر جامع نوٹ لکھئے۔ ۱۔ جدید دور میں کاشتکاروں کی پیشہ ورانہ تربیت ۲۔ دیہی زندگی میں کاشتکاروں کے لیے تفریح ۳۔ امداد باہمی کی انجمنوں کا فروغ کیوں ضروری ہے؟	(10 +10)

****